**26.03.2026**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں..........شبانہ بیگم

**Music**

..................................................................................

☆ حکومت نے اعادہ کیا ہے کہ ملک میں LPG کی کوئی قلت نہیں ہے۔حکومت نے یقین دہانی کرائی ہے کہ اُس کے پاس 74 دن کیلئے ریزرو ذخیرہ ہے۔

☆ مغربی ایشیا کی جنگ میں تیزی آگئی ہے، کیونکہ خبروں کے مطابق اسرائیل نے ایران کے اندر تازہ حملے کئے ہیں۔ اُس نے ایران کی بحریہ کے سربراہ Ali Reza Tangsiri کے ہلاک ہونے کا دعویٰ کیا ہے۔

☆ بھارت نے اہم معدنیات کی جستجو کو تیز کرنے اور اسٹارٹ اَپ کی قیادت والے کانکنی کے ایکو نظام کو مستحکم کیا ہے، تاکہ درآمداتی انحصار کو کم کیا جاسکے۔

☆ آج ملک کے مختلف حصوں میں بھگوان رام کے جنم کی یاد میں رام نومی جوش و خروش کے ساتھ منائی جارہی ہے۔

☆ اور ........... جنوبی ایشیائی فٹ بال فیڈریشن انڈر 20 چمپئن شپ میں دفاعی چمپئن بھارت، مالدیپ کے شہر مالے میں پاکستان کو تین۔صفر سے شکست دے سیمی فائنل میں پہنچ گیا ہے۔

..................................................................................

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے

**GOVT LPG**

حکومت نے آج بتایا کہ بھارت کے پاس تیل کے کُل 74 دِن کیلئے ذخائر موجود ہیں، جن میں خام تیل کی مصنوعات سمیت اصل ذخائر شامل ہیں۔ نیز دستیاب خصوصی جامع ذخائر اَب سے تقریباً 60 دِن کیلئے کافی ہیں۔

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت نے اس بات کا اعادہ کیا ہے کہ بھارت کی پیٹرولیم اور LPG سپلائی مکمل محفوظ اور

کنٹرول میں ہیں۔ وزارت کا کہنا ہے کہ خردہ تیل کے تمام مراکز میں کافی مقدار میں سپلائی موجود ہے اور ملک میں پیٹرول، ڈیزل یا LPG کی کہیں بھی کوئی قلت نہیں ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ......

**V/C Saklen Akhtar**

وزارت نے آج بتایا ہے کہ بھارت دنیا بھر میں اپنے 41 سے زیادہ سپلائرز سے مزید خام تیل حاصل کررہا ہے۔ وزارت نے بتایا کہ بھارت کی ہر ریفائنری 100 فیصد سے زیادہ صلاحیت پر کام کر رہی ہے۔ وزارت نے یہ بھی کہا کہ ملک بھر میں LPG کی کوئی قلت نہیں ہے۔ گھریلو ریفائنری کی پیداوار میں 40 فیصد اضافہ کیا گیا ہے اور اب LPG کی یومیہ پیداوار کو 50 میٹرک ٹن تک بڑھا دیا گیا ہے، جو ملک کی ضرورت سے 60 فیصد زیادہ ہے۔

وزارت کا کہنا ہے کہ تقریباً ایک مہینے کیلیے سپلائی کا پورا انتظام کر لیا گیا ہے اور مزید اضافی خریداری کو مسلسل حتمی شکل دی جارہی ہے۔ تیل کمپنیاں ہر دن 50 لاکھ سے زیادہ سلنڈر کامیابی سے فراہم کر رہی ہے۔

وزارت کا کہنا ہے کہ صارفین کی طرف سے افراتفری میں بکنگ کرنے کی وجہ سے سلنڈر کی مانگ 89 لاکھ سلنڈر تک پہنچ گئی تھی اور یہ ایک بار پھر کم ہوکر 50 لاکھ سلنڈر تک ہوگئی ہے۔ ریاستی حکومت کے ساتھ مشاورت سے کمرشیل سلنڈر کی فراہمی کو 50 فیصد تک بڑھا دیا گیا ہے، تاکہ غیرقانونی ذخیرہ اندوزی یا کالا بازاری پر روک لگائی جاسکے۔

وزارت نے بتایا کہ گھریلو پیداوار کے علاوہ، بیرونِ ملک سے 800 ہزار میٹرک ٹن LPG کا انتظام کیا گیا ہے، جو امریکہ، روس، آسٹریلیا اور دیگر ممالک سے بھارت کے 22 LPG درآمداتی ٹرمنلس پر پہنچ رہی ہے۔ وزارت نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ افراتفری پھیلانے کے مقصد سے پھیلائی جانے والی افواہوں پر دھیان نہ دیں، جو غیرضروری افراتفری کا باعث ہورہی ہیں۔

دلی سے ثقلین اختر کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلیے میں کونین حیدر

**Rev Eev West Asia Conflict**

مغربی ایشیا کی جنگ میں پچھلے چھ گھنٹوں میں مزید تیزی آگئی ہے۔ خبروں کے مطابق اسرائیل، ایران کے اندر تازہ حملے کررہا ہے اور پورے لبنان میں اپنی کارروائیوں میں اضافہ کررہا ہے۔ اسرائیلی حکام نے کہا ہے کہ اُن کی فورسز نے، اسفہان کے وسطی ایرانی شہر میں بہت سے حملے کئے ہیں۔ اُنہوں نے ایران کی پاسدارانِ انقلاب کی بحریہ کے ایک سینئر کمانڈر Ali Reza Tangsiri کے ہلاک ہونے کی تصدیق کی ہے اور اُنہیں آبنائے ہُرمز میں جہاز رانی

کی کارروائیوں میں خلل ڈالنے کی کوششوں کے پیچھے کلیدی شخصیت قرار دیا ہے۔ اسرائیلی فورسز نے جنوبی لبنان میں بھی ٹھکانوں پر حملے کئے ہیں۔ اِن میں Tyre اور Kafar Roumanae کے علاقے شامل ہیں۔ اِس کے علاوہ اُس نے دریائے زہرانی کے جنوبی مکینوں کو علاقہ خالی کرنے کی وارننگ بھی جاری کی ہے۔

لبنان کی وزارتِ صحت نے کہا ہے کہ جنوبی علاقوں میں لڑائی جاری ہے اور دو مارچ کے بعد سے اسرائیل کے حملوں میں کم سے کم ایک ہزار 94 افراد ہلاک ہوچکے ہیں، جن میں 120 بچے شامل ہیں۔ اسرائیلی حکام نے لبنان کے علاقے میں ایک سکیورٹی زون قائم کرنے کے منصوبوں کا عندیہ دیا ہے، جسے30 کلو میٹر تک توسیع دی جائے گی۔ اِسی دوران خبر ہے کہ مُلکِ شام کی فوج نے، شام-لبنان سرحد کے ساتھ ٹھکانوں پر دوبارہ نفری تعینات کردی ہے، تاکہ لوگوں کو سرحد پار کرنے سے روکا جاسکے، حالانکہ لبنان سے ہونے والی گولی باری، دمشق کے نزدیک ملکِ شام کے علاقے تک پہلے ہی پہنچ رہی ہے۔

واشنگٹن میں امریکہ نے ایران پر دباؤ میں اضافہ کردیا ہے کہ اگر مذاکرات ناکام رہے تو اور زیادہ نتائج بھگتنے پڑیں گے۔ ایرانی حکام نے امریکہ کی جنگ بندی کی اِس تجویز کو مسترد کردیا ہے اور اِسے طویل نکاتی فہرست قرار دیا ہے۔ اِس کے بجائے اُس نے سمجھوتے کیلئے اپنی شرائط سامنے رکھی ہیں۔ ایران کے سرکاری میڈیا نے اسرائیل اور خلیجی ٹھکانوں کی جانب تازہ میزائل اور ڈرون حملوں کی بھی خبردی ہے۔ ایران میں صحت کے حکام نے اِس لڑائی میں مرنے والوں کی تعداد کو اَپ ڈیٹ کیا ہے، جو تقریباً ایک ہزار 937 افراد کے ہلاک ہونے کی ہے۔ امریکہ اور ایران کے درمیان بیک چینل مذاکرات کی رپورٹوں کے مابین تیل کی قیمتوں میں پانچ فیصد کا اضافہ ہوگیا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**VC: Vinod Kumar**

*متحدہ عرب امارات نے، آج ایران کی طرف سے لانچ کئے گئے 15 بیلسٹک میزائلوں اور 11 ڈرونس کو ناکارہ کردیا۔ اِسی کے ساتھ جنگ شروع ہونے کے بعد سے ناکارہ کئے گئے حملوں کی مجموعی تعداد 372 بیلسٹک میزائل، 15 کروز میزائل اور ایک ہزار 826 سے زیادہ ڈرونس کی ہوگئی ہے۔ ابوظہبی میں دو افراد اُس وقت ہلاک ہوگئے، جب ایک بڑی شاہراہ پر ناکارہ بنائے گئے میزائل کا ملبہ جاگرا۔ مرنے والے ایک شخص کی شناخت ایک بھارتی باشندے کے طور پر کی گئی ہے۔ حالیہ واقعات نے متحدہ عرب امارات میں، اِس طرح کے ملبے کے گرنے سے مرنے والوں کی تعداد 11 ہوگئی ہے، جبکہ اِن ہلاکتوں کے آغاز کے بعد سے دیگر 166 افراد زخمی ہوئے ہیں۔*

*حکام کا کہنا ہے کہ پورے متحدہ عرب امارات میں فضائی دفاعی نظام ہائی الرٹ پر ہے، کیونکہ مغربی ایشیا میں کشیدگی بڑھتی جارہی ہے۔ اِسی دوران خلیجی تعاون کونسل کے حکام نے یہ انتباہ دیتے ہوئے*

فوری طور پر سفارتکاری کیلیے زور دیا ہے کہ جہاز رانی پر حملے اور آبنائے ہُرمز کو بند کرنے کی دھمکیوں نے تمام حدیں پار کرلی ہیں اور یہ توانائی کی عالمی منڈیوں میں خلل ڈال سکتی ہیں۔

ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلیے میں عبدالواحد

## Iran Naval Chief Dead Israel

اسرائیل کے وزیر دفاع Israel Katz نے آج دعویٰ کیا کہ ایران کے سپاہِ پاسدارانِ انقلابِ اسلامی IRGC کے بحریہ کے کمانڈر Alireza Tangsiri، بحریہ کے دیگر سینئر افسران کے ساتھ رات میں کئے گئے ایک حملے میں مارے گئے ہیں۔ ایک ویڈیو بیان میں Katz نے دعویٰ کیا کہ Tangsiri بارودی سرنگوں اور آبنائے ہُرمز کو بند کرنے کی کارروائیوں کیلئے براہِ راست ذمے دار تھے۔ اِسی دوران ایرانی حکام نے ابھی تک کوئی سرکاری بیان جاری نہیں کیا ہے۔×

## Jaishankar G7

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج فرانس کے Abbaye Des-Vau-De-Cernay میں اپنے فرانس کے ہم منصب Jean-Noel Barrot سے باہمی بات چیت کی۔ ڈاکٹر جے شنکر، G-7 وزرائے خارجہ کی میٹنگ میں ساجھیدار ممالک کے ساتھ شرکت کرنے کی غرض سے فرانس کے دو روزہ دورے پر ہیں۔×

## Jaishankar G-7 Canada

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے، فرانس میں G-7 وزرائے خارجہ کی میٹنگ کے موقع پر، اپنی کناڈا کی ہم منصب انیتا آنند سے ملاقات کی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے بتایا کہ اُنہوں نے دونوں ممالک کے ایڈوانس باہمی ایجنڈے پر تبادلۂ خیال کیا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہاکہ اُنہوں نے مغربی ایشیا میں حالیہ صورتحال پر بھی تبادلۂ خیال کیا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کوریا کے وزیر خارجہ Cho Hyun سے بھی ملاقات کی اور اپنی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے پر تبادلۂ خیال کیا۔×

## Jitendra singh Mineral

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت انتہائی اہم معدنیات کی تلاش و تحقیق میں اضافہ کر رہا ہے، اسٹارٹ اپ پر مبنی کانکنی کے ایکو نظام کو فروغ دے رہا ہے اور مضبوط گھریلو ویلیو چینس تیار کررہا

ہے تا کہ درآمدات پر ملک کے انحصار کو کم کیا جاسکے۔
معدنیات سے متعلق تحقیق و ترقی کے قومی ٹرسٹ کی گورننگ باڈی کی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے تلاش و تحقیق کو تیز کرنے، گھریلو صلاحیت کو مستحکم بنانے اور انتہائی اہم معدنیات کے شعبے میں شرکت کو بڑھانے کیلئے کلیدی ترجیحات پر زور دیا۔ کوئلے اور کانو کے مرکزی وزیر جی کشن ریڈّی اور ڈاکٹر جتیندر سنگھ کی مشترکہ صدارت میں منعقدہ اس میٹنگ میں ڈاکٹر سنگھ نے اس بات پر زور دیا کہ خصوصاً لیتھیم اور دیگر انتہائی اہم معدنیات کے لئے تلاش و تحقیق کی رفتار عالمی طلب اور بھارت کی اسٹریٹیجک ضروریات کے عین مطابق ہونی چاہئے۔×

## Gadkari Sadak Suraksha Abhigan 2026

سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے آج کہا کہ حکومت نے ملک بھر میں حادثات سے لاحق خطرے والی سڑکوں کی شناخت کی ہے اور سڑک کی حفاظت کو مزید بہتر بنانے کیلئے وسیع پیانے پر اقدامات کیے ہیں۔ نئی دلّی میں سڑک سرکشا ابھیان کے موقع پر اداکار عامر خان سے بات چیت کرتے ہوئے جناب نتن گڈکری نے کہا کہ سڑکوں کے ڈیزائن اور سیفٹی کو بہتر بنانے کیلئے 40 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ خرچ کیے گئے ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ حادثے کے خطرے والے شناخت شدہ تقریباً 350 سڑکوں میں سے 280 سڑکوں کی خامیوں کو دور کر دیا گیا ہے۔ جناب گڈکری نے کہا کہ ملک کی آٹوموبائل صنعت میں حالیہ برسوں میں نمایاں ترقی دیکھی گئی ہے اور یہ صنعت تیسری سب سے بڑی عالمی صنعت کے طور پر ابھری ہے۔
انہوں نے کہا کہ حکومت پالیسی اصلاحات اور بنیادی ڈھانچے کی ترقی کی مدد سے اس صنعت کے شعبے میں بھارت کو اگلے پانچ برسوں میں عالمی سطح پر اول مقام پر پہنچانے کے وژن کے ساتھ کام کر رہی ہے۔

**S/B: Nitin Gadkari**

سڑک حادثوں کی روک تھام کے تئیں کیے گئے اقدامات کو اجاگر کرتے ہوئے جناب نتن گڈکری نے کہا کہ حکومت نے گاڑیوں میں چھ ایئر بیگ کو لازمی قرار دیا ہے۔ سڑک سیفٹی کے قوانین متعارف کرائے، لائسنس کے عمل کی ڈیجیٹل کاری کی گئی اور 200 ڈرائیونگ تربیتی مراکز قائم کیے۔ x

## Ram Navami

آج ملک کے مختلف حصوں میں مریادا پرشوتم بھگوان سری رام کا یومِ پیدائش، رام نومی منائی جارہی ہے۔ اِس تہوار کی گہری مذہبی اور ثقافتی اہمیت ہے اور یہ لوگوں کو سچ، انصاف، اخلاقی اقدار اور فرائض کی انجام دہی کے نظریات کی پابندی کرنے کی ترغیب دیتا ہے، جیسا کہ بھگوان رام کی زندگی سے ظاہر ہوتا ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی پی رادھاکرشنن اور وزیر اعظم نریندر مودی نے رام نومی کے موقع پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ بھگوان سری رام ہمیں معاشرے کے تئیں اپنے فرائض ادا کرنے کی تحریک دیتے ہیں۔ نائب صدر نے بھگوان رام کو صبر، قربانی اور عدل و انصاف کی علامت قرار دیا۔

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے بھی رام نومی کے موقع پر مبارکباد پیش کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب شاہ نے کہا کہ مَریادا پرشوتم رام کی زندگی، سچائی کی راہ پر چلنے اور فرائض انجام دہی کے تئیں تحریک دیتی رہے گی۔ x

**Keralam Nomination**

کیرالم میں آسمبلی انتخابات میں اپنا نام واپس لینے کا عمل آج ختم ہوگیا۔

مزید تفصیلات ہمارے نمائندے سے

**V/C: Smithy**

*کیرالم میں 140 آسمبلی حلقوں سے مجموعی طور پر 117 امیدواروں نے اپنا نام واپس لے لیا ہے۔ اِس سے قبل 140 حلقوں کیلیے 2 ہزار 125 کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے گئے تھے، جن میں سے ایک ہزار 651 کو منظور کیا گیا تھا۔ اِسی دوران جانچ پڑتال کے دوران 357 نامزدگیوں کو مسترد کردیا گیا تھا۔*

*اِسی دوران اعلیٰ انتخابی افسر نے بتایا کہ آسمبلی انتخابات کیلیے رائے دہندگان کی حتمی فہرست آج جاری کی جارہی ہے۔*

*آکاشوانی تھروانتھا پورم سے*

*Smithy M Palluruthy کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلیے میں.................*

**Assam Campaign**

آسام میں ووٹنگ میں صرف 15 دن باقی بچے ہیں۔ انتخابی مہم اس وقت شدت اختیار کرچکی ہے۔ سیاسی جماعتوں نے رائے دہندگان تک رسائی کو تیز تر کر دیا ہے۔ امیدوار ریلیوں، عوامی اجتماعات اور گھر گھر جاکر ووٹروں سے رابطہ کر رہے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ.................

**VC Rakesh Doley**

*آسام کے مشہور حلقوں میں سے ایک جورہاٹ میں آسام پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر اور کانگریس امیدوار گورو گگوئی نے آج متعدد انتخابی ریلیوں اور جلسوں میں شرکت کی۔ ان کا مقابلہ BJP*

امیدوار اور موجودہ رکن آسمبلی Hitendar Nath گوسوامی سے ہے۔ گوسوامی نے بھی وسیع تر انتخابی مہم شروع کر رکھی ہے اور BJP حکومت کے مختلف ترقیاتی کاموں کو عوام کے سامنے پیش کر رہے ہیں۔ گوسوامی، چھٹی بار جیت کیلئے طبع آزمائی کر رہے ہیں۔ کانگریس کی طرف سے گورو گگوئی کو وزیر اعلیٰ کے عہدے کے امیدوار کے طور پر پیش کیا جا رہا ہے۔ BJP کے سینئر لیڈر اور وزیر اعلیٰ ہیمنت بسوا سرما نے بھی آج کئی اہم حلقوں میں انتخابی ریلیاں کیں۔

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، اِس ماہ کے 29 تاریخ کو آسام کا دورہ کریں گے اور BJP امیدواروں کی حمایت میں انتخابی ریلیوں سے خطاب کریں گے۔

گواہاٹی سے راکیش ڈولے کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ..................

## WB Assembly Election

مغربی بنگال میں آنے والے آسمبلی انتخابات کے مد نظر وہاں کے گورنر رابندر نارائن روی نے آج کولکاتہ میں سرحدی سلامتی فورس BSF کی مشرقی کمان کے سربراہ Sumit Sharan کے ساتھ ایک میٹنگ کی، جس میں بنگلہ دیش سرحد سے متصل علاقے میں سلامتی کی صورتحال اور پولنگ میں BSF کے رول کے بارے میں بات چیت کی گئی۔ لوک بھون میں منعقدہ میٹنگ کے دوران ریاست کی موجودہ سرحدی سلامتی کی صورتحال، تعیناتی کے منصوبے اور انتخابات کے دوران نظم و ضبط برقرار رکھنے کیلئے BSF کی تیاری کے سلسلے میں تفصیلی بات چیت بھی کی گئی۔ گورنر موصوف نے BSF کی تیاری کی سطح پر اطمینان کا اظہار کیا۔ x

## ECI Seizurs

انتخابی کمیشن نے مطلع کیا ہے کہ آنے والے آسمبلی انتخابات اور ضمنی انتخابات میں ضبط کیے گئے اثاثے 4 سو کروڑ روپے سے تجاوز کر گئے ہیں۔ اِن میں نقد رقم، شراب، منشیات، قیمتی دھاتیں اور ووٹروں کو لبھانے کیلئے مختلف اشیاء شامل ہیں۔ کمیشن نے بتایا کہ انتخابات والی ریاستوں اور مرکز کے انتظام والے علاقوں میں انتخابات کو آزادانہ، منصفانہ بنانے کیلئے 5 ہزار ایک سو فلائنگ اسکواڈ اور 5 ہزار دو سو Static نگرانی ٹیمیں تعینات کی ہیں۔ بھارتی انتخابی کمیشن نے بتایا کہ انتخابات والی ریاستوں اور مرکز کے انتظام والے علاقوں میں C-Vigil app کا استعمال کرتے ہوئے 15 سے 25 مارچ تک 70 ہزار 900 شکایات درج کی گئی ہیں۔ کمیشن نے مزید کہا کہ 95 فیصد سے زیادہ شکایات کا ازالہ 100 منٹ کے اندر ہی کر دیا گیا۔

کمیشن نے مزید کہا کہ کال سینٹر نمبر 1950 سمیت شکایات کے ازالے کا ایک نظام بھی قائم کیا گیا ہے۔ x

**Railway Kavach Progress**

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے آج ملک بھر میں Kavach 4.0 کے نفاذ کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ ریلوے کی وزارت نے کہا کہ میٹنگ میں پیش رفت کو تیز کرنے اور ایڈوانس ٹیکنالوجی کو استعمال کرنے پر توجہ مرکوز کی گئی، تاکہ ریل کی مزید مؤثر کارروائیوں کو یقینی بنایا جاسکے۔ وزارت نے کہا کہ نگرانی کا ایک مرکزی پلیٹ فارم SURAKSHA بنایا جارہا ہے، جو Kavach تنصیبات کی حقیقی نگرانی اور پیش گویانہ دیکھ بھال کو فعال بنانے کیلئے بندوبست کے نظام کی مشترکہ کارروائیوں کے طور پر تیار کیا جارہا ہے۔ وزارت نے بتایا کہ ابھی تک Kavach نظام، 3ہزار 103 روٹ کلو میٹرز پر تنصیب کیا جاچکا ہے۔ اُس نے مزید کہا کہ اِس وقت Kavach کا کام 24 ہزار 427 روٹ کلو میٹرز پر کیا جارہا ہے، جس میں بہت زیادہ رَش والے اور بہت زیادہ استعمال کئے جانے والے کوریڈورس شامل ہیں۔

وزارت نے کہا کہ Kavach 4.0 کے تیز تر نفاذ میں مدد کرنے کی غرض سے ایک دیسی یونیورسل بریکنگ Algorthm تیار کیا جارہا ہے۔ ورژن 4.0 کی تنصیب کے حصے کے طور پر، ریلوے نے کلیدی کوریڈورس پر ایک ہزار 638 روٹ کلومیٹرز پر Kavach کو پہلے ہی فعال بنا دیا گیا ہے۔ اِن کوریڈورس میں دِلی-ممبئی اور دلی-ہاوڑہ جیسے کلیدی کوریڈورس شامل ہیں۔ اِسی کے ساتھ ساتھ سات ہزار ایک سو روٹ کلومیٹرز پر ٹریک سائڈ تنصیبات کی جارہی ہیں۔ وزارت نے کہا کہ آٹھ ہزار 951 کلو میٹرز سے زیادہ میں آپٹیکل فائبر کیبل بچھائی جاچکی ہیں۔ اِسی کے ساتھ 767 اسٹیشنوں پر ایک ہزار 183 ٹیلی کام ٹاورس اور Kavach ڈاٹا مراکز کی تنصیبات بھی کی جاچکی ہیں۔x

**Chhatisgarh Maoists**

چھتیس گڑھ کے Kanker ضلعے میں آج چھ ماؤنوازوں نے پولیس کے سامنے خود سپردگی کی۔ پولیس سپرنٹنڈنٹ Nikhil Rakecha نے کہا کہ خود سپردگی کرنے والے کاڈروں میں 5 ارکان کا تعلق راج نند گاؤں-کنکر بارڈر ڈویژن سے ہے، جبکہ ایک ممبر ملٹری کمپنی سے وابستہ ہے۔ انھوں نے مطلع کیا کہ اِن ماؤنوازوں نے پولیس کو 3 ہتھیار بھی سونے، جن میں ایک پوائنٹ تین صفر تین رائفل اور ایک خود کار لوڈنگ رائفل شامل ہے۔ x

**EVE Football Saff**

جنوبی ایشیا کی فُٹ بال فیڈریشن SAFF کی انڈر 20 چمپئن شپ میں مالدیپ کے مالے کے بین الاقوامی اسٹیڈیم میں کھیلے گئے پہلے ہی میچ میں آج دفاعی چیمپئن بھارت نے پاکستان کو تین صفر سے ہرا کر شاندار آغاز کیا۔ بھارت

شروع سے ہی مقابلے میں حاوی رہا۔ تیسرے منٹ میں وشال یادو نے Gurnaj Singh Grewal کے تھرو کو گول میں تبدیل کرتے ہوئے پاکستان کے حوصلے پست کر دیے۔
اِس دوران 64 ویں منٹ میں Omang Dodum کو بہترین موقع ملا، جسے انھوں نے گول میں تبدیل کرتے ہوئے بھارت کو 2 صفر کی سبقت دلا دی۔
88 ویں منٹ میں بھارت کو پینلٹی ملی۔ اس موقع کا فائدہ اٹھاتے ہوئے Omang Dodum نے تیسرا گول کر دیا۔ اس گول کے ساتھ ہی پاکستان کی شکست پر ایک طرح سے مہر لگ گئی اس جیت کے ساتھ ہی بھارت اب بنگلہ دیش کے ساتھ سیمی فائنل میں پہنچ گیا ہے۔×

## Khelo India

پہلی مرتبہ منعقدہ کھیلو انڈیا قبائلی گیمز کے آج دوسرے دن چھتیس گڑھ میں تیراکی، ویٹ لفٹنگ، ہاکی اور فٹبال کے مقابلے ہوئے۔ کرناٹک کی Marinata L نے 200 میٹر انفرادی Medley میں سونے کا تمغہ جیتا اور سونے کے تمغوں کی hatrick مکمل کی۔ اس دوران اڈیشہ کی انجلی منڈا نے خواتین کے 200 میٹر انفرادی Medley میں سونے کا تمغہ جیتا۔ مقابلے میں ان کا یہ دوسرا سونے کا تمغہ ہے۔
ویٹ لفٹنگ میں، آسام کی مونیکا سونو وال نے 48 کلوگرام زمرے میں سونے کا تمغہ حاصل کیا جبکہ میزورم کی Isak Malsawmtluanga نے 60 کلوگرام زمرے میں سونے کا تمغہ جیتا۔
تمغوں کی فہرست میں کرناٹک 8 سونے کے اور 3 چاندی اور ایک کانسے کے تمغوں کے ساتھ سرفہرست ہے، جبکہ اڈیشہ 5 سونے اور ایک چاندی کا تمغہ اور 8 کانسے کے تمغوں کے ساتھ دوسرے مقام پر ہے۔ مقابلوں کے کل تیسرے دن، تیراکی، ویٹ لفٹنگ، ہاکی، فٹ بال اور کُشتی کے مقابلے ہوں گے۔ x

## IPL SECOND PHASE

بھارت کے کرکٹ کنٹرول بورڈ BCCI نے آج انڈیَم پریمئر لیگ، IPL 2026 کے دوسرے مرحلے کا شیڈیول جاری کر دیا۔ میچ کے مقامات کے بارے میں تفصیل بعد میں جاری کی جائے گی۔ دوسرے مرحلے میں 50 میچ ہوں گے، جو ملک کے 12 شہروں میں کھیلے جائے گے، جس میں بنگلورو، ممبئی، چینئی، کولکاتہ اور دلی شامل ہیں۔ یہ میچ 13 اپریل سے 24 اپریل تک کھیلے جائیں گے۔ پہلا میچ حیدرآباد میں سن رائزرس حیدرآباد اور راجستھا رائلس کے درمیان کھیلا جائے گا۔×

☆☆☆☆☆